Issue: 05, Oct-Dec 2014

# PULSE



## NEWSLETTER

www.pmex.com.pk | info@pmex.com.pk

Pakistan Mercantile Exchange
PMEX

Your Local Gateway to Global Markets



Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). It is the biggest exchange of the country in terms of members and the second biggest in terms of value traded after Karachi Stock Exchange (KSE). Its shareholders include National Bank of Pakistan, Karachi Stock Exchange, Lahore Stock Exchange, Islamabad Stock Exchange, Pak Kuwait Investment Co, and Zarai Taraqiati Bank. The Exchange offers a diverse range of domestic & international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure and state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services i.e. trading, clearing & settlement, custody as well as back office, all under one roof. The Exchange has a member base of 320 and the average daily trading volume is normally in the range of PKR 3 to 5 billion. PMEX's international affiliations include Association of Futures Markets (AFM) and Futures Industry Association (FIA) - Asia.

**Pakistan Mercantile Exchange Limited**

3-B, 3rd Floor, Bahria Complex IV, Ch. Khalique-uz-Zaman Road

Gizri, Karachi-75600, Pakistan.

UAN: +92 21 111 623 623

Fax: +92-21-35155022

EMAIL: info@pmex.com.pk

WEB: www.pmex.com.pk

Publication of the Marketing Dept. of PMEX

Design Agency: DesignXpress

Printer: Apple Tree Graphics

# Contents


1 New Memberships open at PMEX

2 Murabaha Presentation at PMEX

3 PMEX Relocates BC & DR Site

4 Mill Specific Sugar Contract

5 Snapshot of Listed Agricultural Commodities at PMEX

6 In Quest to Achieve Excellence in Customer Service

7 Awareness Programs

8 Corporate Social Responsibility

9 Inside PMEX: Systems & Processes Assurance Department

10 Top 10 Brokers

11 PMEX Highlights

12 Price Trend of Commodities



*DISCLAIMER: This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this report are solely for providing information to readers.*

# New Memberships Open at PMEX

PMEX announced the re-opening of new membership rights. The issuance of new memberships, which were temporarily suspended by Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) in 2012, has commenced again. A limited number of new memberships are being offered and interested parties can now contact PMEX on the Membership Hotline 0300-8213324 for further details and guidance.

PMEX is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the SECP. It is the second biggest exchange in terms of value traded after Karachi Stock Exchange (KSE). With a sophisticated infrastructure and state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services i.e. trading, clearing & settlement, custody as well as back office, all under one roof.

The Exchange's has recently introduced an innovative product namely Milli Tola Gold, a unique savings product aimed for the masses allowing them to purchase gold in multiples of approx. PKR 50. Similarly, Electronic Murabaha Market to serve the need of the Islamic Finance Industry, Mill Specific Sugar, Copper and Brent Crude Oil futures contracts are also in the pipeline of new products to be introduced on the Exchange.

Commenting on the new development, Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director of PMEX said: "The re-opening of membership rights provides a great opportunity to the market players to participate on a global platform of a young and growing Exchange. New members will be able to build on the success of existing PMEX members, who have seen significant growth in trading and their business over the past 7 years. Our focus will be to provide membership opportunities in relatively smaller cities also so that our member brokers network can be widespread covering the entire country, thereby, providing trading opportunities to a broader investor base."

PMEX plans to conduct a nationwide drive which will include cities like Lahore, Rahim Yar Khan, Multan, Faisalabad, Sahiwal, Sargodha, Chakwal, Rawalpindi, Gujranwala, Karachi, Hyderabad, Sukkur, Larkana, Quetta and Peshawar to ensure participation from across the country.

# Murabaha Presentation at PMEX

In December 2014, PMEX held a briefing session on the proposed Murabaha contract, a product exclusively designed by the Exchange for the Islamic Financial Institutions (IFIs). The session was attended by senior officials from various IFIs such as Al Baraka Bank, Bankislami Pakistan, Dubai Islamic Bank, Habib Metropolitan Bank, MCB Bank, Meezan Bank, Standard Chartered Bank, UBL Ameen and National Bank of Pakistan. PMEX Shariah advisor, Mufti Hassan Kaleem was also present at the occasion.

Welcoming the representatives of IFIs, Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director, PMEX said "PMEX over the years has been actively working to introduce innovative products to serve and attract a wide array of clients. In the same spirit, PMEX has taken the initiative to develop an online Murabaha contract to facilitate the IFI's in line with International commodity exchanges such as London Metal Exchange, Bursa Malaysia and Jakarta Futures Exchange, which are also enabling Murabaha transactions and are acting as hubs for Islamic Banking liquidity management. We are confident that the proposed Murabaha product would greatly strengthen the Islamic financial sector of Pakistan by bringing it at par with conventional banks with regards to efficient deployment of liquidity. We envision that the proposed Murabaha product will eventually serve as an industry benchmark and be the first choice for the IFIs."

PMEX feels that the keen interest shown by the participants is encouraging and the proposed product will be a game changer for Islamic banks in overcoming excessive liquidity issue. Presently, all the modalities have been worked out and the Exchange is planning to launch the product as soon as it gets the necessary approval from Securities and Exchange Commission of Pakistan.



# PMEX Relocates BC & DR Site

In December 2014, PMEX signed an agreement with National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL) to relocate both its Business Continuity (BC) as well as Disaster Recovery (DR) site to NCCPL's premises.

Working with a business model that requires round the clock operations, PMEX relentlessly strives to upgrade its systems and processes in order to provide seamless services to market participants. The Exchange has a comprehensive Business Continuity Program which comprises of a Resilient IT Infrastructure, Crisis Management and Recovery of Processes.



Commenting on the occasion, Ejaz Ali Shah, Managing Director, PMEX, said, "Considering the sensitive nature of PMEX business, it is necessary to have a robust and resilient BC & DR setup. Accordingly, this initiative to consolidate BC & DR at one site will provide a durable and flexible structure to resume all critical operations in minimum possible time without compromising on the quality of services in the event of a disaster."

# Mill Specific Sugar Contract

In Pakistan, sugarcane is an important industrial and cash crop. Pakistan is the sixth largest producer of sugarcane in terms of area under cultivation and twelvth largest producer of refined sugar amongst global players. Sugarcane is grown on approximately 1.1 million hectares and provides the raw material for sugar mills.

At present, the sugar industry in Pakistan is the second largest industry after textiles comprising of 86 sugar mills operating nationwide with an annual crushing capacity of over 7.0 million tons contributing 1.9 percent to the nations GDP. The annual sugar consumption of the country has crossed 4 million tons valued at US$1.8 billion. The majority consumer of sugar is the corporate sector which consumes almost 60% of the total consumption. The major industrial consumers are bottlers, confectionaries and pharmaceutical industry.

Considering the paramount importance of sugar as a critical commoditiy in the country, PMEX launched a universal sugar futures contract based on the practices of global exchanges on June 27, 2011. The universal sugar contract does not specify any mill at the start of the contract and therefore, buyers cannot reliably ascertain which mill sugar will be delivered at the time of maturity of the contract. Due to the unique dynamics of the sugar industry in Pakistan, investors have been looking for a contract which could provide them the certainty of the specific mill's sugar they need to buy.

Keeping the the above mentioned issue in perspective, PMEX has developed a Mill Specific Sugar contract and plans to launch it as soon as the necessary approval is granted by Securities & Echange Commision of Pakistan. The Exchange is confident that the contract will meet the needs of the local investors and hedgers. In addition, the contract will provide an opportunity to corporate and retail buyers to purchase sugar at a better price while maintaining complete transparency.

Salient features of the Mill Specific Sugar Contract:

- The Mode of delivery will be Mills' Delivery Order (Dilvery Order).
- There will be certain trading limits according to mills' production capacity to curb the speculation.
- The lot size will be one ton.
- The closing prices of the Mill Specific Sugar Contracts will be used for the settlement of the Cash Settled Universal Sugar Contract.
- All mills will be allowed to register their respective mill's contract at the Exchange.

# Snapshot of Listed Agricultural Commodities at PMEX

Agriculture is the largest sector of Pakistan's economy. It provides food items and raw materials for industrial units, accounts for 21.4 percent of GDP and 45 percent of employment. In addition, it is the main source of foreign exchange earnings.

The agriculture sector consists of various subsectors which include crops, livestock, fisheries and forestry. Pakistan has a comparative advantage in the region with abundent of cultivable area.PMEX is the country's only commodity futures exchange and therefore it puts a special emphasis on optimizing the domestic agricultural commodities markets. In the pursuit for optimizing the domestic agricultural markets, PMEX has initiated various general agricultural and commodity specific endeavors i.e.

- Launching futures contracts of almost all the major agricultural commodities of Pakistan including wheat, rice, sugar, palm olein and cotton
- Creating awareness amongst masses to utilize PMEX for their hedging needs
- Organizing agro futures seminars across Pakistan to educate and persuade the secondary market participants, especially the large traders to bring their trades over the efficient electronic commodity exchange

A brief introduction of each agricultural commodity listed on PMEX is mentioned below:



## Wheat

Pakistan is one of the largest producers as well as consumers of wheat in the world as it is the primary staple food of the country. It is ranked seventh in the world in the production of wheat.

The salient specifications of PMEX Wheat futures contract are as below:

| Specification | Detail |
|---|---|
| Settlement | Deliverable |
| Unit of Trading | 10 Metric Tons |
| Price Quotation | Rupees per 100 kilogram, Ex Faisalabad excluding all taxes |
| Delivery Unit | 10 Metric Tons |
| Quality Specifications | 1. Moisture 10% max<br>2. Test Weight 76 Kg/hl min<br>3. Foreign Matter 1% max<br>4. Broken & Shrivelled 3% max<br>5. Other Food Grains 3% max<br>6. Damaged Grains 1% max |



## Sugar

Sugar is one of the most important agricultural commodities of Pakistan. Amongst all the other deregulated agricultural commodities, sugar has the most organized commercial value chain with over 60% of the consumption by the corporate sector. The aforementioned attributes make sugar one of the most tradable domestic agricultural commodities.

The salient specifications of PMEX Universal Sugar futures contract are as below:

| Specification | Detail |
|---|---|
| Settlement | Deliverable |
| Unit of Trading | 10 Metric Tons |
| Price Quotation | Rupees per kilogram, Ex- Karachi exclusive of all taxes |
| Delivery Unit | 10 Metric Tons |





## Rice (IRRI6)

IRRI6 is the most important non-basmati variety of rice in Pakistan and majority of the crop is exported. The prices of this commodity is heavily dependent on the global commodity price dynamics.

The salient specifications of PMEX IRRI6 futures contract are as below:

| Specification | Detail |
|---|---|
| Settlement | Deliverable |
| Unit of Trading | 25 Metric Tons |
| Price Quotation | Rupees per 100 kilograms of Rice, Ex- Karachi |
| Delivery Unit | 25 Metric Tons + 3 Tons |
| Delivery Center | Karachi (including Port Qasim) at Exchange approved and designated warehouses |



## Cotton (ICotton)

Cotton is a global agricultural commodity and investors have been trading cotton derivatives since almost the inception of the modern futures trading. Intercontinental Exchange's (ICE) cotton futures contract, previously known as New York Cotton Exchange's (NYCE) cotton futures contract, is considered as the most liquid global cotton pricing benchmark contract. At PMEX, we have listed an international cotton futures contract referenced to the price of ICE cotton contract. The contract provides the textile dominated industry of Pakistan an opportunity to hedge conveniently at PMEX.

The salient specifications of the PMEX ICotton futures contract are mentioned as below:

| Specification | Detail |
|---|---|
| Settlement | Cash Settled |
| Unit of Trading | 5,000 Pounds |
| Price Quotation | US Cents per pound, up to two decimal places |



## Palm Olein

Pakistan is one of the major consumers of the edible oil and majority of it is sourced from the import of palm oilen. The domestic price of the palm olien is heavily dependent on the prices of the palm olien futures listed on Bursa Malaysia.

The salient specifications of the Palm Olein futures contract are mentioned as below:

| Specification | Detail |
|---|---|
| Settlement | Deliverable |
| Unit of Trading | 25 Metric Tons |
| Price Quotation | Rupees per Maund, inclusive of all taxes, levies and charges. |
| | (Where 1 Maund = 37.324 Kg) |
| Delivery Unit | 25 Metric Tons |



# In Quest to Achieve Excellence in Customer Service

Service is the key to success in today's competitive environment. At PMEX, we believe that customer services is not about meeting customer expectations, its about exceeding them. In line with this philosophy, PMEX has setup a new unit namely Business Development and Customer Support Services (BD&CSS) which is focused on providing quality and efficient services to its clientale on twenty four seven basis and ensuring that every client interation is a pleasantly memorable experience.

The unit comprises of a dedicated team of specialists which is committed to deliver an exceptional customer experience, building strong & mutually beneficial relationships with existing and potential brokers by providing timely services and ensuring that clients enjoy seamless trading experience while trading at the Exchange.

Brokers can contact the Exchange through dedicated phone lines, fax, e-mail or visit the Exchange premises. The BD & CSS team receives clients' requests, records feedback, investigates the complaints, follows up for solving issues with the concerned departments and inform the customers about the solutions in timely manner. In addition, the team is focused on going the extra mile to facilitate clients by providing comprehensive trainings for listed products and trading systems of the Exchange.

The member brokers of the Exchange and their clients have appreciated the ongoing efforts and dedication of the Exchange for providing high quality customer services around the clock.

# Awareness Programs

*Keeping in view the need to create awareness about futures trading in Pakistan, PMEX regularly organizes awareness & training sessions and participates in workshops & seminars. These events not only equip existing/potential market participants and investors with the knowledge of the commodity trading fundamentals but also provide hands-on experience of the trading system at PMEX.*

## Futures Trading 101

During October-December quarter, PMEX organized 15 training sessions under the banner 'Futures Trading 101' at its premises. These FREE OF COST bi-weekly training sessions, scheduled every Tuesday and Thursday from 3:00 PM to 5:00 PM, attracted a diversified audience from students to professionals and from small and medium investors to employees of large corporations. The investors actively participated in these sessions and expressed their keen interest in commodity trading on a regulated platform.

## PMEX at Educational Institutions

It is a persistent endeavor at PMEX to acquaint the public in general with the functioning of the Exchange and benefits of trading in commodity futures. One of the specific focused areas is keeping abreast the future managers i.e. students of business schools about Pakistan's first demutualized, multi commodity futures exchange.

In line with this endeavor, during October-December 2014 quarter, PMEX participated in workshops organized by some of the leading business schools such as Bahria University, Hamdard Institute of Management Sciences (HIMS), Institute of Business Management (IoBM), Muhammad Ali Jinnah University (MAJU) and Karachi University.

Large number of students as well as faculty members attended the workshops and showed keen interest in knowing more about the trading of commodity futures and state-of-the-art technology driven trading platform of PMEX.



# Corporate Social Responsibility

PMEX and its employees believe in contributing to the community in which they operate. As a socially responsible organization, PMEX actively participates in the activities which are focused on bringing a meaningful change in the society.

In this spirit, once again PMEX employees participated in the new cycle of Rahbar, a structured seven weeks mentorship program of The Citizens Foundation (TCF) aimed at developing youth as responsible individuals and productive members of the society.



"TCF aims to bring a positive change in the lives of the less privileged children by bringing in experiences and backgrounds from all over the country. The educational emergency we are facing as a country can only be solved by more efforts like this. As volunteers, we did what we could to help these children. During the time that I could've watched a movie with friends or opted for self-pampering, I managed to contribute to the essential task of educating and hence, giving confidence to our future. Students of these schools are just as bright and smart and funny as our siblings, cousins, etc., they just need a chance in life."

**Neeha Hameed**
Assistant Manager – Systems & Process Assurance



"My third cycle of TCF Rahbar Program was truly an amazing and soul enriching experience. There is no limit to the amount of self-satisfaction and contentment one can gain from this program. while imparting knowledge to youth, I have myself gained a lot of wisdom ever since I have been engaged with Rahbar."

**Uzzma Hayat Khan**
Head of Human Resources & Adminstration

# Inside PMEX: Systems & Processes Assurance Department

## Department Overview

In today's business world, information technology and financial reporting environments are becoming increasingly complex while even greater reliance is being placed on the information generated by these systems and processes. Systems and Process Assurance Department plays a vital role in catering to the needs of business more effectively.

## Key Functions

The SPA department is responsible for the below mentioned functions:

- Oversee enterprise-wide Standard Operating Procedures & Policies development, implementation and adherence.
- Standardization & documentation of IT processes benchmarked to the Software Development Life Cycle (SDLC).
- Standardizing & Implementing overall IT Governance grounded on best industry guidelines
- Reviewing the enterprise systems strengths and streamlining systems redundancy.
- Assessing and enhancing the controls arou system implementations as well as design enhancements via project management methodology.
- Continuous coordination amongst various business processes and enterprise functions for efficiency.
- Oversee and manage Management systems programs such as Information Security Management System (ISMS) and Business Continuity Management System (BCMS).
- Reviewing enterprise IT Security.
- Ensuring effective Quality Assurance & Analysis in software development process.
- Address the enterprise risks identified via incidents report management.



Khwaja Asif Karim Ahmad is the Head of Systems and Process Assurance department at PMEX.

He has 19 years of experience in Information Technology. Currently, his portfolio includes Information Security & Business Continuity Management, Quality Assurance, Process and SOP Management. He is the first in Pakistan to lead an organization to achieve Business Continuity Management Certification BS 25999. Prior to joining PMEX, he has served as a Head of Application & Process Development and IT Services & Strategic Planning at Central Depository Company of Pakistan (CDC) he has also worked for General Electric, JPMorgan Chase, Marsh & McLennan, Instinet, Bank of New York Mellon Company in USA.


# Top Ten Brokers


## October - December 2014

Total Contracts Traded 965,341
Total Rupee Value Traded 196.2 Billion

| Ranking | Based on Traded Contracts | Based on Traded Value |
|---|---|---|
| 1 | Mohammad Ashraf Hussain Adhi | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 2 | KASB Securities Limited | KASB Securities Limited |
| 3 | Enrichers (Pvt.) Limited | JS Global Capital Limited |
| 4 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 5 | JS Global Capital Limited | Rahat Securities Limited |
| 6 | Riaz Ahmed | Mohammad Ashraf Hussain Adhi |
| 7 | Abbasi & Co. (Pvt.) Limited | Abbasi & Co. (Pvt.) Limited |
| 8 | Muhammad Muneer | IGI Finex Securities Limited |
| 9 | Value Stock Securities (Pvt.) Limited | Foundation Securities (Pvt.) Limited |
| 10 | IGI Finex Securities Limited | Invest Capital Markets Limited |


# PMEX Highlights




















# Price Trend of Comodities

















# دس سرفہرست بروکرز

**برائے سہ ماہی اکتوبر - دسمبر 2014**

کُل تجارتی معاہدے: 965,341
کُل تجارتی رقم: 196.2 ارب روپے

| رینکنگ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | محمد اشرف حسین ادھی | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | کے اے ایس بی سیکیوریٹیز لمیٹڈ | کے اے ایس بی سیکیوریٹیز لمیٹڈ |
| ۳ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | جے ایس گلوبل کیپیٹل لیمٹڈ |
| ۴ | عارف حبیب کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | جے ایس گلوبل کیپیٹل لمیٹڈ | راحت سیکیوریٹیز لمیٹڈ |
| ۶ | ریاض احمد | محمد اشرف حسین ادھی |
| ۷ | عباسی اینڈ کو (پرائیویٹ) لمیٹڈ | عباسی اینڈ کو (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۸ | محمد منیر | آئی جی آئی فائنکس سیکوریٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۹ | ویلیو اسٹاک سیکورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | فاؤنڈیشن سیکورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۱۰ | آئی جی آئی فائنکس سیکوریٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | انویسٹ کیپیٹل مارکیٹس لمیٹڈ |

# انسائڈ پی ایم ای ایکس:
# سسٹمز اینڈ پروسس ایشورنس ڈیپارٹمنٹ (ایس پی اے)

آج کے دور میں کاروباری دنیا میں انفارمیشن ٹیکنالوجی اور فنانشل رپورٹنگ کا طریقہ کار ہما جہت ہوتا جارہا ہے جبکہ سسٹمز اور پروسسز کے ذریعے تیار ہونے والی رپورٹس پر انحصار بھی بڑھتا جارہا ہے۔ سسٹمز اینڈ پروسس ایشورنس ڈیپارٹمنٹ کاروباری ضروریات اور بہتر کارکردگی میں ایک کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔

## ایس پی اے ۔ کلیدی ذمہ داریاں

ایس پی اے درج ذیل کاموں کا ذمہ دار ہے:

- ادارے کی بنیاد پر اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز اور پالیسیوں کی تیاری، ان پر عمل اور پابندی
- سافٹ ویئر ڈولپمنٹ لائف سائیکل (ایس ڈی ایل سی) کے معیار کی ڈاکومینٹیشن اور اسٹینڈرڈائزیشن
- بیسٹ انڈسٹری گائیڈ لائنز کے مطابق آئی ٹی گورننس کے معیار کی تیاری اور ان پر عمل درآمد
- انٹر پرائز سسٹمز کو مضبوط بنانا اور ان میں پیدا ہونے والے فرسودگی کی جانچ پڑتال
- پراجیکٹ مینجمنٹ کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے بزنس پروسسز اور انٹر پرائز فنکشنز میں بہتر کارکردگی کو یقینی بنانے کیلئے دیگر شعبوں سے مسلسل رابطہ
- انٹر پرائز کے مختلف سسٹمز اور پروسسز کی بہتر کارکردگی کیلئے مسلسل بنیادوں پر تمام شعبوں سے رابطہ
- مینجمنٹ سسٹمز مثلاً انفارمیشن سیکورٹی مینجمنٹ سسٹم (آئی ایس ایم ایس) اور بزنس کنٹیونٹی مینجمنٹ سسٹم کی نگرانی اور انتظام
- انٹر پرائز آئی ٹی سیکورٹی کی جانچ پڑتال
- سوفٹ وئیر سسٹمز کی ڈولپمنٹ کے عمل کے دوران کوالٹی ایشورنس اور انالسسز کو یقینی بنانا
- واقعہ کی رپورٹ مینجمنٹ کے عمل کے ذریعے انٹر پرائز کو درپیش خطرات سے نبٹنا



خواجہ آصف کریم احمد پی ایم ای ایکس میں سسٹمز اینڈ پروسس ایشورنس ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ ہیں۔ ان کے پاس انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبہ میں کام کرنے کا 19 سالہ تجربہ ہے۔ اس وقت ان کی ذمہ داریوں میں انفارمیشن سیکورٹی اور بزنس کنٹیونٹی مینجمنٹ، کوالٹی ایشورنس، پروسس اور ایس او پی مینجمنٹ شامل ہیں۔ ان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ پاکستان کے پہلے شخص ہیں جنہوں نے ملک کی پہلی آرگنائزیشن کو بزنس کنٹیونٹی مینجمنٹ سرٹیفکیٹ BS 25999 حاصل کرنے میں رہنمائی کی۔

پی ایم ای ایکس میں شمولیت سے قبل وہ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) میں ایپلیکیشن اینڈ پروسس ڈولپمنٹ اور آئی ٹی سروسز اینڈ اسٹراٹیجک پلاننگ کے شعبہ کے سربراہ تھے۔ وہ جنرل الیکٹرک، جے پی مورگن چیز، مارش اینڈ میکینن، انسٹینیٹ، بینک آف نیو یارک میلن کمپنی امریکہ میں بھی کام کر چکے ہیں۔

# کارپوریٹ سماجی ذمہ داری

پی ایم ای ایکس اور یہاں کام کرنے والے اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ وہ جس کمیونٹی میں کام کرتے ہیں اس کی بھلائی کیلئے کچھ کرنا ان کی سماجی ذمہ داری ہے۔ پی ایم ای ایکس ان سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیتا ہے جن کا مقصد سوسائٹی میں ایک مثبت تبدیلی لانا ہو۔

اس جذبہ کے تحت پی ایم ای ایکس کے ملازمین نے ایک بار پھر "رہبر" سلسلہ کے پروگرام میں حصہ لیا۔ یہ سات ہفتوں پر مشتمل ایک پروگرام ہے جو "دی سٹیزن فاؤنڈیشن" (ٹی سی ایف) نے شروع کیا ہے جسکا مقصد نئی نسل کی نشونما ہے جس کے ذریعے ان کو معاشرے کا فعال رکن بنانا ہے تاکہ وہ بطور ایک ذمہ دار شہری اپنی ذمہ داریاں بہتر طور پر نبھا سکیں۔



"ٹی سی ایف کا مقصد غیر مراعات یافتہ طبقہ کی زندگی میں تبدیلی لانا ہے جو دوسرے لوگوں کے تجربات سے وابستہ ہوں۔ ہمارے معاشرے میں تعلیمی بحران عام ہے جس پر ٹی سی ایف جیسے پروگرامز پر عمل پیراء ہو کے قابو پایا جاسکتا ہے۔ بحیثیت والنٹیئر ہم وہ کچھ کرتے ہیں جو ہمارے بس میں ہوتا ہے۔ تاکہ ان بچوں کی مدد کی جاسکے۔

وہ وقت جو میں ٹی وی / فلم دیکھنے پر خرچ کرسکتی تھی، دوستوں کے ساتھ گزار سکتی تھی یا اپنی نمودونمائش پر لگاسکتی تھی میں نے ان بچوں کی تعلیم جیسے ضروری عمل میں خرچ کیا۔ جس کے ذریعے ان کو اعتماد حاصل ہو جو ہماری مستقبل کی نسل ہیں۔ ان اسکول کے طلباء دیگر تعلیمی اداروں کے بچوں کی طرح ذہین، اسمارٹ اور مزاح کی حس رکھتے ہیں جیسے ہمارے اپنی قریبی رشتہ دار۔ ان کو صرف اپنی زندگی بدلنے کیلئے ایک موقع کی ضرورت ہے"۔

**نیہا حمید** - اسسٹنٹ منیجر۔ سسٹم اینڈ پروسس ایشورنس

"میرا ٹی سی ایف رہبر کے سلسلہ کے تیسرے پروگرام میں حصہ حقیقی طور پر ایک حیران کن اور روح کو تازگی بخشنے والا تجربہ تھا۔ خود کو تسکین پہنچانے والے عمل کی کوئی حد نہیں اور اس سے حاصل ہونے والے اطمینان کا کوئی بدل نہیں۔ اُن بچوں کو علم تقسیم کرتے ہوئے مجھے بذات خود وہ ذہنی بالیدگی ملی ہے جو اس پروگرام میں شمولیت سے پہلے میسر نہیں تھی"۔

**عظمی حیات خان** - ہیڈ آف ہیومن ریسورس اینڈ ایڈمنسٹریشن



## کسٹمر سپورٹ میں کارکردگی کے اعلیٰ معیار کی جستجو

آج کے مقابلہ کے دور میں سروس کا اعلیٰ معیار کامیابی کی ضمانت سمجھا جاتا ہے۔ہم پی ایم ای ایکس میں اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ سروس کے معیار کا تعلق کسٹمر کی توقعات پر نہیں بلکہ اس سے بڑھ کر کچھ کرنے کا نام ہے۔اس فلسفہ پر عمل کرتے ہوئے پی ایم ای ایکس نے ایک نیا یونٹ تشکیل دیا ہے جسکا نام بزنس ڈویلپمنٹ اینڈ کسٹمر سپورٹ سروسز (بی ڈی اینڈ سی ایس ایس) رکھا گیا ہے جو 24/7 کی بنیاد پر اعلیٰ معیار کی بہترین سروس فراہم کرتا ہے تا کہ کلائنٹس اور ایکسچینج کے درمیان تعلقات کوخوش کن اور یادگار بنایا جاسکے۔

یہ یونٹ لگن سے بھرپور اور اپنے کام میں ماہر لوگوں پر مشتمل ہے جسکا وعدہ ہے کہ غیر معمولی نوعیت کی سروس فراہم کریگا، باہمی مفاد کے حصول کیلئے مضبوط تعلقات قائم کئے جائیں گے جس کے ذریعے موجودہ اور مستقبل کے بروکرز کو بر وقت خدمات فراہم کی جائیں گی تا کہ ان کے ٹریڈنگ کے تجربے کوخوشگوار بنایا جاسکے۔

بروکرز ایکسچینج سے رابطے کیلئے ٹیلیفون، فیکس اور ای میل کی سہولت سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں یا ہمارے دفتر آسکتے ہیں۔بی ڈی اور سی ایس ایس کلائنٹس کی تمام عرض داشت وصول کرتے ہیں، ان کے تاثرات ریکارڈ کرتے ہیں، ان کی شکایات کے بارے میں تفتیش کر کے ان مسائل کوحل کرنے کیلئے دیگر ڈیپارٹمنٹس سے رابطہ کر کے کلائنٹس کو بروقت آگاہ کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ یہ ٹیم کلائنٹس کو سہولت فراہم کرنے کیلئے مزید کچھ کرنے پر توجہ دیتے ہوئے ایکسچینج پر لسٹڈ پراڈکٹس اور ٹریڈنگ سسٹمز کے بارے میں جامع ٹریننگ فراہم کرتی ہے۔ایکسچینج کے ممبرز بروکرز اور ان کے کلائنٹس فراہم کی جانے والی سروسز کے معیار کو پسند کرتے ہیں اور 24 گھنٹے فراہم کی جانے والی خدمات کے اعلیٰ معیار کوسراہتے ہیں۔

## آگاہی پروگرامز

پاکستان میں فیوچرز ٹریڈنگ کی آگاہی کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے پی ایم ای ایکس آگاہی اور ٹریننگ کے پروگرامز باقائدگی سے منعقد کرتا ہے اور ورکشاپس اور سیمینارز میں شرکت کرتا ہے۔یہ پروگرامز نہ صرف موجودہ اور مستقبل کے سرمایہ کاروں کو کموڈٹی ٹریڈنگ کی بنیادی باتوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں بلکہ حقیقی ٹریڈنگ کے تجربہ سے بھی آشنا کرتے ہیں۔

### فیوچرز ٹریڈنگ 101

اکتوبر۔دسمبر سہ ماہی کے دوران "فیوچرز ٹریڈنگ 101 "کے تحت 15 ٹریڈنگ سیشنز کا انعقاد کیا، یہ سیشنز پی ایم ای ایکس کے دفتر میں منعقد کیئے گئے تھے۔یہ بلا معاوضہ ٹریننگ سیشنز ہفتہ میں دو بار منگل اور جمعرات کے دن سہ پہر 3 سے 5 بجے کے دوران منعقد کئے جاتے ہیں جس میں مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی بڑی تعداد جس میں طلباء، پروفیشنلز چھوٹے اور درمیانے درجہ کے سرمایہ کار اور بڑی کمپنیوں کے ملازمین شرکت کرتے ہیں۔ سرمایہ کاران سیشنز میں بھرپور شرکت کرتے ہیں اور قانون کے تحت قائم کردہ پلیٹ فارم پر کموڈٹیز کی خرید وفروخت میں گہری دلچسپی ظاہر کرتے ہیں۔

### تعلیمی اداروں میں پی ایم ای ایکس کی شرکت




پی ایم ای ایکس کی مسلسل کوشش ہے کہ عوام الناس کو ایکسچینج پر ہونے والی فیوچرز کی ٹریڈنگ سے آگاہ رکھیں۔اس سلسلہ میں وہ لوگ جن پر خاص توجہ دی جاتی ہے وہ ملک میں قائم بزنس اسکولز میں زیرتعلیم طلباء ہیں جو مستقبل کے بزنس منیجرز ہیں ان کو پاکستان کے پہلے ڈی میوچلائزڈ اور ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج کے بارے میں آگاہی فراہم کی جاتی ہے۔

اس جہد مسلسل کے تحت اکتوبر۔دسمبر سہ ماہی کے دوران پی ایم ای ایکس نے مختلف بزنس اسکولز میں منعقد کی جانے والی ورکشاپس میں حصہ لیا جن میں بحریہ یونیورسٹی، ہمدرد انسٹیٹیوٹ آف منیجمنٹ سائنسز (ایچ آئی ایم ایس)، انسٹیٹیوٹ آف بزنس منیجمنٹ (آئی او بی ایم)، محمد علی جناح یونیورسٹی (ایم اے جے یو) اور کراچی یونیورسٹی شامل تھے۔

طلباء کی ایک بہت بڑی تعداد کے ساتھ ساتھ فیکلٹی ممبرز کی بڑی تعداد نے ان ورکشاپس میں گہری دلچسپی لی اور پی ایم ای ایکس کے جدید اور ٹیکنالوجی پر مشتمل پلیٹ فارم پر ہونے والی کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے بارے میں جاننے میں گہری دلچسپی دکھائی۔



## چاول- IRRI 6

IRRI 6 باسمتی کے علاوہ پاکستان کے چاول کی سب سے اہم ورائٹی ہے جس کی بڑی مقدار برآمد کی جاتی ہے۔ اس کی قیمت کا انحصار بین الاقوامی کموڈٹیز کی قیمت پر ہے۔ پی ایم ای ایکس پر ٹریڈ ہونے والے IRRI 6 فیوچرز کنٹریکٹ کی خاص تفصیلات یہ ہیں:

| خصوصیات | تفصیلات |
|---|---|
| سیٹلمنٹ | ڈیلوراایبل |
| تجارت کا یونٹ | 25 میٹرک ٹن |
| قیمت کا تعین | روپے فی 100 کلوگرام ایکس کراچی |
| ڈیلوری کا یونٹ | 25 میٹرک ٹن + 3 میٹرک ٹن |
| ڈیلوری کے مقامات | کراچی (بشمول پورٹ قاسم) ایکسچینج کے منظور شدہ اور مقرر کردہ گوداموں سے |

## کاٹن - آئی کاٹن



کاٹن ایک عالمی ایگری کموڈٹی ہے اور سرمایہ کار اس کے ڈیری ویٹیوز میں اس وقت سے ٹریڈنگ کر رہے ہیں جب سے موجودہ زمانہ کے فیوچرز کنٹریکٹس میں لین دین شروع ہوئی ہے۔ انٹرکانٹی نینٹل ایکسچینج (آئی سی ای) کا کاٹن فیوچرز کنٹریکٹ جو پہلے نیویارک کاٹن ایکسچینج (این وائی سی ای) کے کاٹن فیوچرز کنٹریکٹ کے نام سے جانا جاتا تھا عالمی طور پر کاٹن کے فیوچرز کا سب سے لیکویڈ اور قیمت کا بنچ مارک کنٹریکٹ جانا جاتا ہے۔ ہم نے پی ایم ای ایکس پر ایک انٹرنیشنل کاٹن کنٹریکٹ متعارف کرایا ہے جس کی قیمت کا بلاواسطہ تعلق آئی سی ای کے کاٹن کنٹریکٹ سے ہے۔ یہ کنٹریکٹ پاکستان کی سب سے بڑی صنعت ٹیکسٹائل کو موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ با آسانی قیمت میں ردوبدل سے ہونے والے نقصان کے امکان کو کم سے کم کر سکیں۔

آئی کاٹن فیوچرز کنٹریکٹ کی اہم تفصیلات درج ذیل ہیں:

| خصوصیات | تفصیلات |
|---|---|
| سیٹلمنٹ | کیش سیٹلمنٹ پاکستانی روپے میں |
| تجارت کا یونٹ | پانچ ہزار پاؤنڈ (وزن) |
| قیمت کا تعین | یوایس سینٹ فی پاؤنڈ دو اعشاری پوائنٹ تک |

## پام اولین



پاکستان کا شمار خوردنی تیل استعمال کرنے والے بڑے ممالک میں ہوتا ہے جس کی کھپت کا بڑا حصہ پام اولین کی شکل میں درآمد کیا جاتا ہے۔ مقامی مارکیٹ میں قیمت کا انحصار برسا ملائیشیا پر لسٹڈ پام اولین فیوچرز کنٹریکٹ کی قیمت پر ہوتا ہے۔

پی ای ایم ایکس پر لسٹڈ پام اولین فیوچرز کنٹریکٹ کی اہم تفصیلات درج ذیل ہیں:

| خصوصیات | تفصیلات |
|---|---|
| سیٹلمنٹ | ڈیلوراایبل |
| تجارت کا یونٹ | 25 میٹرک ٹن |
| قیمت کا تعین | روپے فی من، بشمول تمام ٹیکس وغیرہ (ایک من برابر ہے 37.24 کلوگرام) |
| ڈیلوری یونٹ | 25 میٹرک ٹن |

# پی ایم ای ایکس پر درج زرعی مصنوعات کا مختصر تعارف

زرعی شعبہ کا پاکستان کی معیشت میں ایک بہت بڑا حصہ ہے۔ یہ خوراک کی بنیادی چیزیں اور صنعتوں کے لئے خام مال فراہم کرتا ہے۔ ملک کی مجموعی پیداوار (جی ڈی پی) میں اس کا حصہ 21.4 فیصد ہے اور ملک کے 45 فیصد لوگوں کو ملازمت فراہم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ زرمبادلہ کے حصول کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔

زرعی شعبہ مختلف ضمنی شعبوں پر مشتمل ہے جس میں فصلیں، لائیو اسٹاک، فشریز اور جنگلات شامل ہیں۔ پاکستان کو ریجن کے دوسرے ممالک پر وسیع قابل کاشت رقبہ کی وجہ سے فوقیت حاصل ہے۔

پی ایم ای ایکس ملک کا واحد کموڈٹی ایکسچینج ہے اس لیئے ایگری کموڈٹیز پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے تاکہ مقامی زراعت سے بھرپور استفادہ حاصل کیا جا سکے۔ پی ایم ای ایکس میں ایگری اور دیگر کموڈٹیز کے متعلق مختلف اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جن میں درجہ ذیل شامل ہیں:

- ملک میں پیدا ہونے والی تمام ہی اہم ایگری کموڈٹیز کے فیوچرز متعارف کرانے پر کام ہو رہا ہے ان میں گندم، چاول، چینی، پام اولین اور کاٹن شامل ہیں
- عوام میں آگاہی پیدا کی جارہی ہے تاکہ وہ پی ایم ای ایکس کو استعمال کرتے ہوئے درپیش خطرات کے امکانات پر بہتر طریقہ سے قابو پا سکیں
- ملک بھر میں ایگری فیوچرز کے بارے ہیں سیمینارز منعقد کیئے جاتے ہیں تاکہ سیکنڈری مارکیٹ میں کام کرنے والوں کو ترغیب اور تربیت دی جائے کہ وہ اپنے سودے ایک جدید اور الیکٹرانک کموڈٹی ایکسچینج کے ذریعے کر سکیں

تمام ہی ایگری کموڈٹیز جو پی ایم ای ایکس پر لسٹڈ ہیں ان کا مختصر تعارف یہ ہے:



## گندم

پاکستان کا شمار دنیا کے چند سب سے بڑے گندم پیدا اور استعمال کرنے والے ممالک میں ہوتا ہے جو لوگوں کی خوراک کا بنیادی جزو ہے۔ پاکستان گندم پیدا کرنے والے ممالک کی فہرست میں ساتویں نمبر پر ہے۔ پی ایم ای ایکس پر پیش کیئے جانے والے کنٹریکٹ کی خاص باتیں یہ ہیں:

| خصوصیات | تفصیلات |
|---|---|
| سیٹلمنٹ | ڈلیورایبل |
| تجارت کا یونٹ | 10 میٹرک ٹن |
| قیمت کا تعین | روپے فی 100 کلوگرام، ایکس فیصل آباد علاوہ ٹیکس |
| ڈلیوری یونٹ | 10 میٹرک ٹن |
| معیار کی تفصیلات | 1۔ زیادہ سے زیادہ 10 فیصد نمی<br>2۔ ٹیسٹ ویٹ 76 کلوکم از کم<br>3۔ غیر ضروری چیزیں 1 فیصد زیادہ سے زیادہ<br>4۔ ٹوٹا ہوا زیادہ سے زیادہ 3 فیصد<br>5۔ دوسرے کھانے کی اجناس زیادہ سے زیادہ 3 فیصد<br>6۔ خراب دانے زیادہ سے زیادہ 1 فیصد |



## چینی

پاکستان کی سب سے اہم ایگری کموڈٹی ہے۔ تمام ڈی ریگولیٹڈ کموڈٹیز میں چینی کی سب سے زیادہ آرگنائزڈ ویلو چین ہے اور اس کی 60 فیصد کھپت کارپوریٹ سیکٹر میں ہے۔ اوپر بیان کی جانے والی خصوصیات کی وجہ سے سب سے زیادہ ٹریڈ ہونے والی مقامی ایگری کموڈٹی ہے۔

پی ایم ای ایکس پر ٹریڈ ہونے والی چینی کے یونیورسل فیوچرز کنٹریکٹ کی خاص تفصیلات درج ذیل ہیں:

| خصوصیات | تفصیلات |
|---|---|
| سیٹلمنٹ | ڈلیورایبل |
| تجارت کا یونٹ | 10 میٹرک ٹن |
| قیمت کا تعین | روپے فی کلوگرام، ایکس کراچی علاوہ ٹیکس |
| ڈلیوری یونٹ | 10 میٹرک ٹن |

# پی ایم ای ایکس کی بی سی اور ڈی آر سائٹس کی ری لوکیشن

دسمبر 2014 میں پی ایم ای ایکس اور نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) نے ایک معاہدے پر دستخط کئے جس کے تحت ایکسچینج کی بزنس کنٹینیوٹی (بی سی) اور ڈیزاسٹر ریکوری (ڈی آر) سائٹس کو این سی سی پی ایل کی حدود میں منتقل کر دیا گیا۔



ایکسچینج کا بزنس ماڈل 24 گھنٹے ٹریڈنگ کی سہولت فراہم کرتا ہے اس لئے پی ایم ای ایکس انتھک کوشش کر رہا ہے کہ اپنے سسٹمز اور پروسسز کو اپ گریڈ کرے تا کہ بلاتعطل سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ایکسچینج کا ایک جامع بزنس کنٹینیوٹی پروگرام ہے جو آئی ٹی کے قابل اعتماد اور موثر نظام، کرائسسز مینجمنٹ اور ریکوری پروسسز پر مشتمل ہے۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پی ایم ای ایکس کے مینجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ نے کہا "پی ایم ای ایکس کے حساس کاروباری ماڈل کے پیش نظر ایک مضبوط اور قابل بھروسہ بی سی اور ڈی آر نظام کی ضرورت ہے ری لوکیشن سے دونوں سائٹس یکجا ہو جائیں گی جس کے ذریعے کسی بھی حادثہ کی صورت میں بغیر کسی رکاوٹ کے نظام کو بحال کیا جا سکے گا اور کارکردگی کا اعلیٰ معیار بھی برقرار رکھا جا سکے گا۔

# مخصوص شوگر مل کنٹریکٹ

پاکستان مین گنا ایک اہم کیش کراپ (فصل) ہے جو ملک کی اہم زرعی پیداوار ہے جس پر ایک بڑی صنعت کا انحصار ہے۔ پاکستان زیر کاشت رقبہ کی بنیاد پر دنیا کا چھٹا سب سے بڑا ملک ہے اور چینی کی پیداوار کے مطابق بارہویں نمبر پر ہے۔ ملک میں سالانہ 11 لاکھ ہیکٹر رقبہ پر گنا کاشت کیا جاتا ہے جو شوگر ملز کیلئے خام مال فراہم کرتا ہے۔

فی الوقت ٹیکسٹائل کے بعد چینی کی صنعت دوسری سب سے بڑی صنعت ہے۔ اور ملک بھر میں 86 کارخانے کام کر رہے ہیں جن کی سالانہ کرشنگ کی صلاحیت 70 لاکھ ٹن ہے۔ ملک کی مجموعی قومی پیداوار میں چینی کی صنعت کا حصہ 1.9 فیصد ہے۔ ملک میں چینی کی سالانہ کھپت 40 لاکھ ٹن ہے جسکی مالیت تقریبا 1.8 بلین یو ایس ڈالر ہے۔ ملک میں چینی استعمال کرنے والے اداروں میں بڑے تجارتی ادارے شامل ہیں جو مجموعی پیداوار کا 60 فیصد حصہ استعمال کرتے ہیں۔ چینی استعمال کرنے والے صنعتی اداروں میں سرفہرست باٹلرز، کنفیکشنر ی اور دواساز ادارے شامل ہیں۔

ملک بھر میں چینی کی بطور ایک کموڈٹی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے پی ایم ای ایکس نے 27 جون 2011 کو چینی کا ایک یونیورسل فیوچرز کنٹریکٹ متعارف کرایا تھا جو بین الاقوامی ایکسچینجز کے مطابق ہے۔ اس کنٹریکٹ میں کسی مخصوص مل کا ذکر نہیں ہوتا جس کے باعث خریدار اس بات کا تعین کرنے سے قاصر ہوتے ہیں کہ معاہدہ کی مدت پوری ہونے پر انھیں کونسے مل کی چینی فراہم کی جائے گی۔

اس صورت حال کے تناظر میں پی ایم ای ایکس نے چینی کے مخصوص شوگر مل کے کنٹریکٹ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے جو ایس ای سی پی سے باقائدہ منظوری کے بعد متعارف کرایا جائے گا۔ ایکسچینج کو یقین ہے کہ اس کنٹریکٹ کے تعارف سے مقامی سرمایہ کاروں کی ضرورت پوری ہو جائے گی جو اپنے رسک کو ہیج کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ کارپوریٹ اور ریٹیل خریداروں کو اپنی پسند کے مطابق شفاف طریقہ سے بہتر قیمت پر چینی خریدنے کا موقع ملے گا۔

### مخصوص مل شوگر کنٹریکٹ کے خاص نکات:

- ڈیلیوری بذریعہ مل ڈیلیوری آرڈر کی جائے گی
- ٹریڈنگ پر کچھ شرائط لاگو ہوں گی جسکا مقصد speculation پر قابو پانا ہوگا اور اس کا تعلق مل کی چینی پیدا کرنے کی صلاحیت سے ہوگا
- لاٹ سائز ایک ٹن ہوگا
- مخصوص ملز کنٹریکٹ کی بند ہونے والی قیمت پر کیش سیٹلڈ یونیورسل کنٹریکٹ کی سیٹلمنٹ ہوگی
- چینی بنانے والے تمام کارخانوں کو اجازت ہوگی کہ وہ اپنے مخصوص مل کنٹریکٹ ایکسچینج پر رجسٹر کر سکیں

# پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج میں نئی رکن سازی

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج (پی ایم ای ایکس) میں ایک بار پھر نئی ممبر سازی کا اعلان کیا گیا ہے۔نئی ممبر سازی پر بندش سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن (ایس ای سی پی) نے 2012 میں عائد کی تھی جواب ختم ہوگئی ہے۔ایک محدود تعداد میں نئی ممبر شپ کی پیشکش کی جارہی ہے اور دلچسپی رکھنے والے لوگ ممبر شپ ہاٹ لائن پر جس کا نمبر 0300-8213324 ہے مزید تفصیلات کیلئے رابطہ کرسکتے ہیں۔

پی ایم ای ایکس پاکستان کا پہلا اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جس کو ایس ای سی پی نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔روزانہ کاروباری حجم کی بنیاد پر پی ایم ای ایکس کراچی اسٹاک ایکسچینج کے بعد ملک کا دوسرا سب سے بڑا ایکسچینج ہے۔ایک انتہائی جدید اور اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل انفرا اسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلیرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔

ایکسچینج نے حال ہی میں ایک جدید پراڈکٹ ملّی تولہ گولڈ متعارف کرائی ہے جو بچت کا منفرد طریقہ عوام الناس کو فراہم کرتی ہے جس میں 50 روپے کے ملٹیپل میں سرمایہ کاری کی جاسکتی ہے۔اس طرح الیکٹرانک مرابحہ مارکیٹ ہے جو اسلامی مالیاتی اداروں کیلئے ہے۔مخصوص شوگرمل، تانبہ اور برینٹ کروڈ آئل فیوچرز کنٹریکٹ تیاری کے مختلف مراحل میں ہے اور جیسے ہی ایس ای سی پی سے باقاعدہ اجازت مل گئی تجارت کیلئے پیش کردیئے جائیں گے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے ایک بار پھر ممبر سازی کی اجازت کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے مینجنگ ڈائریکٹر جناب اعجاز علی شاہ نے کہا "ایس ای سی پی کا یہ فیصلہ مارکیٹ پلیئرز کو ایک موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ ایک ٹریڈنگ کے بین اقوامی پلیٹ فارم پر جونسبتا نیا ہے اور اس میں ترقی ہورہی ہے گزشتہ 7 سالوں میں موجودہ ممبران جو کامیابیاں حاصل کرچکے ہیں اس کو بنیاد بنا کر نئے ممبران اپنے کاروبار میں وسعت دے سکتے ہیں۔ ہماری توجہ اس بار قدرے چھوٹے شہروں پر بھی ہوگی تاکہ ہمارے بروکرز ملک بھر میں پھیل جائیں جو تمام شہروں میں رہنے والے سرمایہ کاروں کو ٹریڈنگ کی سہولیات فراہم کرسکیں۔

پی ایم ای ایکس ملک بھر میں کموڈٹی ٹریڈنگ کی آگاہی کیلئے پروگرامز منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کررہا ہے ان میں جو شہر نمایاں ہیں ان کے نام یہ ہیں: لاہور، رحیم یار خان، ملتان، فیصل آباد، ساہیوال، سرگودھا، چکوال، راولپنڈی، گوجرانوالہ، کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، کوئٹہ اور پشاور۔

# مرابحہ پریزنٹیشن

دسمبر 2014 میں پی ایم ای ایکس نے اسلامی مالیاتی اداروں کیلئے تجویز کردہ مرابحہ کنٹریکٹ پر ایک بریفنگ سیشن کا اہتمام کیا۔جس میں مختلف اسلامی مالیاتی اداروں کے سینئر اہلکاروں نے شرکت کی جن کا تعلق البرکہ بینک، بینک اسلامی پاکستان، دبئی اسلامک بینک، حبیب میٹروپولیٹن بینک، ایم سی بی بینک، میزان بینک، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک، یو بی ایل امین اور نیشنل بینک آف پاکستان سے تھا۔اس موقع پر پی ایم ای ایکس کے شریعہ ایڈوائزر مفتی حسان کلیم بھی موجود تھے۔

اسلامی مالیاتی اداروں کے نمائندوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے پی ایم ای ایکس کے مینجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ نے کہا "سال ہا سال سے پی ایم ای ایکس انتہائی لگن کے ساتھ جدید پراڈکٹس پیش کرنے کیلئے کام کرتا رہا ہے تاکہ کلائنٹس کی وسیع تعداد کی ضرورتوں کو بہتر طور پر پورا کیا جاسکے۔ اس لگن کے ساتھ ایکسچینج نے ایک نیا قدم اٹھایا ہے جس کے تحت آن لائن مرابحہ کنٹریکٹ پیش کیا جائے گا جو دنیا کے دیگر ممالک میں پیش کئے جانے والے کنٹریکٹس سے مماثلت رکھتا ہے۔جن میں لندن میٹل ایکسچینج، برسا ملائیشیا اور جکارتہ جیوچرز ایکسچینج شامل ہیں جو مرابحہ ٹرانزیکشن مکمل کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ہمیں یقین ہے کہ تجویز کردہ مرابحہ کنٹریکٹ اسلامی مالیاتی نظام کو مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوگا اور پاکستان میں اسلامی بینکوں کو روایتی بینکوں کے ہم پلہ بنانے میں مددگار رہوگا جس کے تحت جمع شدہ رقومات کو بہتر طور پر استعمال کیا جاسکے گا۔ہمیں امید ہے کہ تجویز کردہ مرابحہ کنٹریکٹ بلاآخر بینکنگ کی صنعت میں بطور بینچ مارک ابھر کر سامنے آئے گا اور اسلامی بینکوں کی پہلی پسند بن جائے گا"۔

پی ایم ای ایکس محسوس کرتا ہے کہ اسلامی مالیاتی اداروں کی گہری دلچسپی حوصلہ افزاء ہے اور تجویز کردہ پراڈکٹ موجودہ نظام کو بدلنے میں مددگار ثابت ہوگی ۔ اسلامی مالیاتی اداروں کو اپنی فاضل رقومات کو بہتر طریقہ سے استعمال کرنے کا موقع مل سکے گا۔



# مندرجات


۱ پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج میں نئی رکن سازی

۲ مرابحہ پریزنٹیشن

۳ پی ایم ای ایکس کی بی سی اور ڈی آر سائٹس کی ری لوکیشن

۴ مخصوص شوگر مل کنٹریکٹ

۵ پی ایم ای ایکس پر درج زرعی مصنوعات کا مختصر تعارف

۶ کسٹمر سپورٹ میں کارکردگی کے اعلیٰ معیار کی جستجو

۷ کارپوریٹ سماجی ذمہ داری

۸ آگاہی پروگرامز

۹ انسائڈ پی ایم ای ایکس: سسٹمز اینڈ پروسس ایشورنس ڈیپارٹمنٹ (ایس پی اے)

۱۰ دس سرفہرست بروکرز

۱۱ پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں



انتباہ:

اس نیوز لیٹر کا مقصد قارئین کو معلومات فراہم کرنا ہے اور کسی بھی طرح ان کو کموڈٹیز فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینا نہیں جو خطرارت سے خالی نہیں۔ اس رپورٹ میں پیش کردہ خیالات یا آراء کا مقصد صرف پڑھنے والوں کو معلومات فراہم کرنا ہے۔



پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) پاکستان کا پہلا ڈی میوچلائزڈ اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔ ممبران کی تعداد کے مطابق یہ ملک کا سب سے بڑا اور روزانہ ہونے والے لین دین کی بنیاد پر کراچی اسٹاک ایکسچینج کے بعد ملک کا دوسرا سب سے بڑا ایکسچینج ہے۔ اس کے شیئرز ہولڈرز میں نیشنل بینک آف پاکستان، کراچی اسٹاک ایکسچینج، لاہور اسٹاک ایکسچینج، اسلام آباد اسٹاک ایکسچینج، پاک کویت انوسٹمنٹ کمپنی اور زرعی ترقیاتی بینک شامل ہیں۔ ایکسچینج مختلف النوع مقامی اور بین الاقوامی کموڈٹیز اور فنانشل فیوچرز پیش کرتا ہے۔

ایک انتہائی جدید اور اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل پی ایم ای ایکس ایک ہی چھت کے نیچے مکمل خدمات فراہم کرتا ہے جس میں ٹریڈنگ، کلیرنگ اور سیٹلمنٹ، کسٹوڈیل اور بیک آفس شامل ہیں۔ اس وقت 320 ممبرز ایکسچینج سے وابستہ ہیں اور روزانہ کا تجارتی حجم 3 ارب روپے سے 5 ارب روپے کے درمیان رہتا ہے۔ پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم) اور فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے) ایشیا شامل ہیں۔

---


**پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ**

3-B، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ،
گزری، کراچی۔ 75600، پاکستان
یو اے این: 623-623-111-21-92+
فیکس: 35155022 - 21-92+
ای میل: info@pmex.com.pk
ویب: www.pmex.com.pk


---


پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کیا گیا
ڈیزائن ایجنسی: ڈیزائن ایکسپریس
پرنٹر: ایپل ٹری گرافکس

شمارہ نمبر: ۵، اکتوبر۔ دسمبر ۲۰۱۴

# پلس



## نیوزلیٹر

Pakistan Mercantile Exchange

PMEX

www.pmex.com.pk | info@pmex.com.pk

YOUR LOCAL GATEWAY TO GLOBAL MARKETS